A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

نوٹیفکیشن برائے ری ایڈ مشن

مورخہ 20-08-18

نمبر 859/ رجسٹریشن رایڈمشن سیل جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جماعت نہم سالانہ امتحان 2018ء میں کسی بھی مضمون رمضامین میں 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے رفیل رغیر حاضر ریگولر ر پرائیویٹ امیدواران مورخہ 18-09-2018 تک مضامین ر گروپ ر کمبینشن تبدیل کر کے یا تبدیل کیے بغیر نہم کلاس میں دوبارہ صرف ایک مرتبہ بہاول پور بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی تعلیمی ادارہ میں Re-Admit کیے جا سکیں گے۔ نیز درج بالا تفصیل کے مطابق سابقہ دو سال 2017ء اور 2018ء کے امیدواران صرف ایک مرتبہ جماعت نہم میں ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔ بشرطیکہ امیدوار نے جماعت دہم یا جماعت نہم و دہم (مشترکہ) کا امتحان نہ دیا ہو اور یہ امیدواران اس امر کا حلفیہ بیان بھی دیں گے نیز غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت ان کا نتیجہ منسوخ رکالعدم قرار دیا جا سکے گا۔

جماعت نہم میں پاس ریگولر ر پرائیویٹ طلباء رطالبات امتحان سالانہ 2018ء کے نتیجہ کی اشاعت کے 15 ایام کے اندر اپنا رزلٹ رنتیجہ منسوخ رکینسل کروانے کیلئے درخواست بنام اسسٹنٹ کنٹرولر میٹرک تعلیمی بورڈ بہاولپور تحریر کریں اور اس کے ساتھ مبلغ -/50 روپے کا اسٹام پیپر (تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اول رسول جج) مع بنک چالان مبلغ -/500 روپے فیس برائے منسوخی رزلٹ کارڈ جماعت نہم بورڈ ہذا کی میٹرک برانچ کو ارسال کریں یا دستی جمع کروائیں۔ واضح رہے کہ درج بالا تفصیل کے مطابق نتیجہ کی اشاعت کے 15 یوم کے اندر رزلٹ منسوخ کروانے والے طلباء رطالبات مورخہ 18-09-18 تک کسی بھی ادارہ میں آن لائن سسٹم کے تحت داخلہ رری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔ متعلقہ سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمع ری ایڈمشن فیس کا کمپیوٹرائیزڈ بنک چالان مورخہ 18-09-18 تک دفتر ہذا کو ارسال کرے۔ مقررہ ایام کے بعد کسی بھی امیدوار کا نتیجہ منسوخ رکینسل نہیں کیا جائیگا۔ پاس رزلٹ کی منسوخی کے بعد سابقہ رجسٹریشن نمبر ہی برقرار رہے گا نیز طلباء رطالبات یہ سہولت صرف ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ جماعت نہم پاس امتحان کا نتیجہ منسوخ کروانے والے امیدواران ہی اس کیٹگری میں ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔

Result.pk

ضروری تاکید

مورخہ 20-08-2018 سے مورخہ 18-09-2018 تک جماعت نہم میں Re-Admit کیے گئے متذکرہ بالا کیٹگری کے تمام امیدواران کی ری ایڈمشن رجسٹریشن ریٹرن کی مورخہ 18-09-2018 تک یا اس سے قبل آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد ری ایڈمشن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع ری ایڈمشن فیس مبلغ -/1200 روپے فی امیدوار ترسیلی لیٹر کے ہمراہ دفتر ہذا (رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل) کو ارسال کریں۔ واضح رہے کہ مقررہ تاریخ تک امیدواران کی ری ایڈمشن فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی و فیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سکولز ر ہائیر سیکنڈری سکولز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔
(2) ای ڈی او (ایجوکیشن) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خاں۔
(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔
(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔
(5) داخلی تقسیم رنوٹیفکیشن فائل۔